بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداومصلیا

(۱) واضح رہے کہ سعودی عرب کے فیصلے کا اطلاق صرف سعودی عرب کی حدود تک نافذ العمل ہے۔سعودی عرب سے باہر واجب التعمیل نہیں، کیونکہ سعودی حکام کو اپنے ملک کی حد تک ولایت حاصل ہے۔ برطانیہ یا کسی اور ملک میں سعودی عرب کے فیصلے پر عمل ضروری نہیں۔

نیز سعودی عرب کی رویت کے نظام پر بہت سے محقق علماء کا اطمینان بھی نہیں ہے، کیونکہ وہاں ایسی صورت میں بھی چاند کا اعلان کر دیا جاتا ہے جب چاند کی رویت ممکن نہیں ہوتی۔اسلئے برطانیہ میں مسلمان خود چاند دیکھ کر متفقہ طور پر فیصلہ کریں اور اسی کے مطابق عمل کریں۔لیکن اگر موسم کی خرابی کی وجہ سے وہاں رویت ممکن نہ رہے تو قریبی مسلمان ملک جیسے مراکش کی رویت پر عمل کریں۔کیونکہ مراکش کی رویت قابل اطمینان ہے۔

اس تمہید کے بعد جواب یہ ہے کہ مسجد انتظامیہ کو چاہیئے کہ وہ درج بالا تفصیل کے مطابق عمل کریں، اگر وہ اس پر عمل نہ کریں اور سعودی عرب کے اعلان پر عمل کو ترجیح دیں تو کم از کم امام کو سعودی عرب کی رویت پر عمل کیلئے مجبور نہ کریں، خصوصا جبکہ اس مسجد میں دوسرا امام موجود ہو اور وہ سعودی عرب کی رویت پر عمل کرتا ہو۔کیونکہ یہ دیانت کا مسئلہ ہے اور کسی امام کو اس کی دیانت کے خلاف عمل پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔

(۲) اگر امام میں امامت کی اھلیت ہو تو محض اس بنیاد پر اس کو معزول کرنا درست نہیں کہ وہ سعودی عرب کی رویت پر عمل نہیں کرتا۔

(۳) امامت ایک عظیم منصب ہے۔اس کیلئے انتخاب کا معیار علم اور عمل میں پختگی ہونی چاہیئے، سعودی عرب کی رویت پر عمل کرنے یا نہ کرنے کو امامت کیلئے معیار بنانا درست طرز عمل نہیں۔واللہ اعلم بالصواب

(سید حسین احمد)

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۱۴/جمادی الاولی ۱۴۴۸ھ

۲۶/اکتوبر ۲۰۲۶ء

الجواب صحیح

الجواب صحیح

دار الافتاء

مقامی رویت اور سعودی رویت کے اختلاف کی صورت میں ائمہ، مساجد کی انتظامیہ اور نو فاضل علماء کے لیے شرعی رہنمائی مطلوب ہے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

برطانیہ میں رویتِ ہلال کا مسئلہ سالہا سال سے اختلاف کا شکار ہے - ایک طبقہ سعودی رویت پر عمل کرتا ہے، اور ایک طبقہ مراکش پر اعتماد کرتا ہے (مراکش کی رویت پر عمل کرنے والے مقامی رویت کا مکمل انتظام کرتے ہیں، جب مقامی رویت موصول نہیں ہوتی تو مراکش سے خبر لے کر اس پر فیصلہ کرتے ہیں)۔

اس تمہید کے بعد بعض باتوں کے جواب مطلوب ہیں:

مساجد کی انتظامیہ اور ائمہ حضرات سے متعلق چند معروضات

(1) بعض مساجد میں سعودی رؤیتِ ہلال کے مطابق عمل کیا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں ان ائمہ کے لیے دشواری پیدا ہوتی ہے جو اپنی تحقیق کے مطابق مراکش کی رؤیتِ ہلال پر عمل کرتے ہیں۔ بعض اوقات مسجد کے منتظمین امام پر دباؤ ڈالتے ہیں کہ وہ بھی سعودی رؤیت ہی کے مطابق عمل کرے۔

اگر اس مسجد میں دوسرا امام بھی موجود ہو جو سعودی رؤیتِ ہلال کا متبع ہے اور وہ عیدین کی نماز کی امامت کر سکتا ہے، تو کیا اس متبادل انتظام کے باوجود مسجد کے منتظمین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ پہلے امام کو اس کی اپنی تحقیق اور مسلک کے خلاف سعودی رؤیتِ ہلال پر عمل کرنے پر مجبور کریں؟

(2) کیا مسجد کی انتظامیہ وغیرہ کو یہ شرعی حق حاصل ہے کہ وہ کسی امام کو محض اس بنیاد پر مسجد کی امامت سے معزول کر دیں کہ وہ ان کی منشا کے مطابق سعودی رویت پر عمل نہیں کرتا، حالاں کہ اس کا اپنا عمل معتبر شرعی تحقیق پر مبنی ہو؟

(3) اگر کوئی شخص امامت کے لیے شرعاً اہل اور اس خدمت کی مطلوبہ قابلیت رکھتا ہو، تو محض اس وجہ سے اسے امامت کی خدمت کے لیے منتخب نہ کرنا کہ وہ سعودی رؤیتِ ہلال کے مطابق عمل نہیں کرتا، کیا شرعاً درست ہے؟



سائل: بندہ شہباز احمد عفی عنہ

بروز پیر ۱/ ربیع الثانی ۱۴۴۸ بمطابق 14/ ستمبر 2026

برائے جواب ایمیل ایڈریس: Abushafee11@hotmail.com

What guidance can be given to the Imams, the Trustees of the Mosques and newly qualified Ulama/scholars, when a difference occurs between Local sighting and Saudi sighting?

السلام عليكم و رحمة الله وبركاته

There has been a difference of opinion on the issue of sighting the moon for some years in the UK.

One group follows Saudi Arabia.

And one group follow Morocco. (The people that follow Morocco make every effort to sight the moon locally, If the moon is not sighted locally then they will take the news from Morocco and follow that)

After this introduction I seek clarity on these points:

1. **Some Masajid follow Saudi Arabia. In such a case, the Imams who through their research want to follow Morocco, find it difficult and hard. Sometimes the Masjid committees pressure the Imams that they must follow Saudi Arabia, even though there are other Imams in the Masjid who follow the Saudi Arabia who can lead the two Eid Salahs.**
   In such a situation can the Masjid committees pressure the Imam to go against his research and *Maslak* (School of thought) and follow Saudi Arabia?
2. **Does the Masjid committee have the *Shar'ee* right to sack and dismiss the Imam based on the fact that he does not follow their Saudi Moon sighting decision-even though his *(Imams)* practice is based on sound *Shar'ee* research?**
3. **Is it Islamically correct to overlook an individual for the post of *Imamat*, even though he has all the credentials and qualifications demanded by the Holy Shariah to serve as an Imam, just because he does not agree to follow the Saudi Moon sighting decisions?**

Questioner: Shebaaz Ahmad

Monday the 1st of Rabi us Thaani 1448/14th September 2026.

Questions/Fatwa put forward to Darul Uloom Karachi-Pakistan.

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب حامدا و مصليا

The answer

1. **It should be clear that the decisions of Saudi Arabia are restricted to the borders of Saudi Arabia. These decisions cannot be forcefully imposed on anyone outside Saudi Arabia, as the Saudi Rulers jurisdiction is confined and restricted to the borders of their country. To follow them is not an obligation in the UK or any other country.**

It should also be noted that many well-researched Scholars/Ulama are not content with the Saudi Arabian sighting decisions, as decisions of moon sighting are made when sighting is impossible. Hence the Muslims of UK should make the effort to sight the moon themselves and come together to make a united decision and act upon it. If the sighting (in the UK) is not possible due to bad weather, then they should follow a nearby Muslim country like Morocco, as the sighting news of Morocco is acceptable and Satisfactory.

After this introduction, the answer is that the Masjid committees should follow and act upon the above-mentioned details. If they don't act upon it and, give preference to the announcement of Saudi Arabia, then the least they can do is not pressurise or force the Imam to follow the Saudi sighting decision. Especially, when there is an Imam present in the Masjid that follows Saudi Arabia. This is an issue of *diyaanat.* (integrity and honesty) the Imam cannot be forced to go against his *diyaanat.*

2. **If the Imam is capable and worthy of *Imamat,* then it is not correct to sack and dismiss him just on the basis that he doesn't follow Saudi Sighting Decisions.**

3. ***Imamat* is a lofty and a high position, the criterion for selection of an Imam should be based on solid knowledge and practice. It is not correct to base the criteria for *Imamat* on whether an individual is following or not following Saudi Sighting Decisions.**

(Mufti) Sayyad Hussain Ahmad
Darul Ifta Jamia Darul Uloom Karachi
14 Jumad ul Oolaa 1448H
26th October 2026.

The answer is correct
(Mufti) Abdullah
14/05/1448

The answer is correct
(Mufti) Ismatullah
15/05/1448

